تشہد میں التحیات کے بعد مشہور دعا کے علاوہ کوئی اور دعائے ماثورہ پڑھنا

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتوی نمبر: Web-1610

تاریخ اجراء: 16 رمضان المبارک 1445ھ / 27 مارچ 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میں نے ایک ویڈیو سنی، اس میں بخاری شریف کا حوالہ دے کر ایک شخص بتا رہا تھا کہ نمازی کو تشہد میں یہ دعا پڑھنی چاہئے، پھر اس نے وہ دعا بتائی جس میں چار چیزوں سے پناہ مانگنے کا ذکر تھا،، معلوم یہ کرنا ہے کہ وہ والی دعا نماز میں پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نماز کے آخر میں جب التحیات و درود پاک پڑھ کر فارغ ہو جائیں، تو اس کے بعد کوئی بھی دعائے ماثورہ جو قرآن پاک یا کسی حدیث پاک میں بیان ہوئی ہو پڑھنا مسنون ہے البتہ ماثورہ دعاؤں میں یہ دعا پڑھنا مستحب ہے: "رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ" ہاں اگر کوئی شخص اس دعا کے علاوہ کوئی اور دعا پڑھتا ہے، جو قرآن و حدیث میں منقول ہوئی، تو بھی اس کی سنت ادا ہو جائے گی۔ سوال میں جس حدیث کا ذکر کیا گیا، اس حدیث میں وارد دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے جو ہم آگے ذکر کریں گے، البتہ اس مقام پر جو دعا بھی پڑھی جائے وہ عربی ہی میں پڑھی جائے گی۔

مشکوۃ المصابیح میں بحوالہ بخاری و مسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتی ہیں: "کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدعو فی الصلاۃ، یقول: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَمِنَ الْمَغْرَمِ" یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں دعا کیا کرتے تھے تو کہتے: "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَمِنَ الْمَغْرَمِ" اے اللہ (عزوجل) تیری پناہ

مانگتا ہوں عذابِ قبر سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں مسیح دجّال کے فتنہ سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنہ سے اے اللہ تیری پناہ مانگتا ہوں گناہ اور تاوان سے۔(مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد3، صفحہ20۔21، حدیث 939، مطبوعہ: کوئٹہ)

مقامِ دعا کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "یدعو فی الصلاۃ" کے تحت فرماتے ہیں:"ای آخرھا قبل السلام للحدیث الآتی عقب ھذا"یعنی نماز کے آخر میں سلام سے پہلے دعا کرتے، اس حدیث کی وجہ سے جو اس کے بعد آرہی ہے۔(مرقاۃ المفاتیح، جلد3، صفحہ20، مطبوعہ: کوئٹہ)

دوسری حدیث پاک مشکوۃ المصابیح میں بحوالہ مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:"اذا فرغ احدکم من التشھد الآخر فلیتعوذ باللہ من اربع: من عذاب جھنم ومن عذاب القبر ومن فتنۃ المحیا والممات ومن شر المسیح الدجال"یعنی جب تم میں سے کوئی آخری تشہد سے فارغ ہو جائے تو چار چیزوں سے اللہ کی پناہ مانگے: جہنم کے عذاب سے، قبر کے عذاب سے، زندگی و موت کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے شر سے۔(مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد3، صفحہ22، حدیث 940، مطبوعہ: کوئٹہ)

صدرالشریعہ، بدرالطریقہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ نماز کی سنتیں بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:"(81) درود کے بعد دعا پڑھنا"(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ535، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مزید آگے چل کر فرماتے ہیں:"وہ دعائیں کہ قرآن و حدیث میں ہیں ان کے ساتھ دعا کرے۔۔۔۔۔مستحب ہے کہ آخرِ نماز میں بعدِ اذکارِ نماز یہ دعا پڑھے: رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ"(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ535، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

ایک اور مقام پر درودِ پاک پڑھنے کے بعد کون کون سی دعائیں پڑھی جائیں ان کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:"یا یہ پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَمِنَ الْمَغْرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ"(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ506، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net